یہ کتاب حضرت اکبر کی شخصیت اور ان کی شاعری کے مختلف پہلوؤں سے متعلق ۲۳ مقالات پر جو اردو زبان کے نامور اور روشناس اہل قلم کے لکھے ہوئے ہیں مشتمل ہے اور آخر میں حضرت مرحوم کی نظم کے دو فارسی ترجمے ہیں۔ یہ مقالات اگرچہ مختصر اور ایک حد تک طالب علمانہ ہیں تاہم لسان العصر کے کلام کے مختلف پہلوؤں اور ان کے اصل نقطۂ خیال کے سمجھنے میں ان سے کافی مدد مل سکتی ہے اس بناء پر کلام اکبر کے طالب علم کے لئے اس کا مطالعہ مفید اور بصیرت افروز ہوگا امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

تبیان الشہور از جناب محمد داؤد صاحب قاسمی جونپوری تقطیع خورد ضخامت ۲۷۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپیہ پتہ:۔ محمد داؤد عبدالمعبود صاحب چوراہا نکی ٹولہ جونپور۔

مسلمانوں کے قمری سال کے بارہ مہینے ہوتے ہیں اور ہر مہینہ میں کوئی نہ کوئی دن ایسا ہوتا ہے جو مذہبی یا معاشرتی یا عام رسم ورواج کے اعتبار سے اہمیت رکھتا ہے۔ خواہ اس کی اہمیت واقعی اور حقیقی ہو یا محض فرضی! مگر بہت سے مسلمان ہیں جن کو نہ ان کی اہمیت کی وجہ معلوم ہے اور نہ انہیں اس کا علم ہے کہ وہ دن جس طرح منایا جاتا ہے اس میں کتنی بات غلط ہے اور کتنی صحیح اسی ضرورت کے پیش نظر لائق مولف نے یہ کتاب لکھی ہے جس میں شب در روز اور ماہ و سال کے تعین اور شمسی و قمری سالوں کی تاریخ اور ان کے آغاز وغیرہ سے متعلق گفتگو کرنے کے بعد یکم محرم الحرام سے لے کر ماہ ذی الحجہ تک کے اہم دنوں کے اہم واقعات اور اس سلسلہ کے احکام و مسائل بیان کئے گئے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ کتاب تاریخی اور مذہبی دونوں حیثیتوں سے مفید اور لائق مطالعہ ہے۔